علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ شریعہ، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ)

وارننگ

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: تعارف فقہ (2951) سمسٹر: خزاں، 2026ء

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1) تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2) سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔
3) ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4) ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5) مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔
6) آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7) غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1

یونٹ: 1تا04

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1 علمِ فقہ کا لغوی و اصطلاحی مفہوم، اس کا موضوع اور غرض و غایت بیان کریں، نیز قرآن و حدیث کی روشنی میں فقہ کی اہمیت اور فقہ اسلامی کے مختلف ارتقائی ادوار پر تفصیلی روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر 2 فقہی مباحث کی بنیادی تقسیم کی وضاحت کریں اور عبادات، معاملات، مناکحات، عقوبات، مخاصمات اور کتاب السیر کے اہم پہلوؤں اور دائرہ کار کو مثالوں کے ساتھ تفصیلاً بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 3 طہارت کی فقہی اہمیت، اقسام اور فرائض و سنن بیان کریں، نیز نماز کی مشروعیت، شرائط، ارکان، واجبات اور مفسداتِ نماز پر جامع نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 4 زکوٰۃ کے وجوب کی شرائط، نصاب اور مصارفِ زکوٰۃ (مصارفِ ثمانہ) کی تفصیلی وضاحت کریں، نیز روزے اور حج کے بنیادی ارکان، شرائط اور مناسک قلمبند کریں۔ (20)

سوال نمبر 5 فقہ اسلامی میں بیع (خرید و فروخت) کا لغوی و اصطلاحی مفہوم، ارکان اور شرائطِ صحت بیان کریں، نیز ربا (سود) کی حرمت، اقسام اور عقدِ شرکت و مضاربت کے اہم احکام کی وضاحت کریں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 05تا09)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1 نکاح کے ارکان، شرائط اور محرماتِ نکاح کی وضاحت کریں، نیز طلاق کا لغوی و اصطلاحی مفہوم، مشروعیت، اقسام (حسن، احسن، بدعی) اور تین طلاقوں کے شرعی حکم پر فقہی آراء تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 2 فقہ اسلامی میں "عقوبات" (قانونِ سزا) کا تعارف اور فلسفہ بیان کریں، نیز قصاص، دیت اور حدود (زنا، قذف، سرقہ اور شربِ خمر) کے شرعی احکام و شرائط کی تفصیلی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 3 اسلامی عدالتی نظام (مخاصمات) میں قاضی کی اہلیت، آدابِ قضاء اور فیصلے کے بنیادی اصول بیان کریں، نیز شہادت (گواہی) کی شرائط، نصاب اور دعویٰ و اثبات کے فقہی طریقہ کار پر تفصیلی روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر 4 فقہ اسلامی میں "کتاب السیر" (اسلامی بین الاقوامی قانون) کی اہمیت و افادیت بیان کریں، نیز حالتِ امن اور حالتِ جنگ میں غیر مسلم ریاستوں کے ساتھ تعلقات، دار الاسلام و دار الحرب کی تقسیم اور معاہدات کے شرعی ضوابط کی تفصیلی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 5 فقہ اسلامی میں "حظر و اباحت" کا مفہوم، قواعد اور حدود و ضوابط بیان کریں، نیز طعام و شراب، لباس و زینت اور کسبِ حلال کے بارے میں شرعی احکام و استثناءات کی تفصیلی وضاحت کریں۔ (20)